تعلقات اور قانون و دستور سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہونا چاہئے'' ڈاکٹر صاحب نے اس تصور اور ٹھوس عقلی و نقلی دلائل سے غلط مشابہت کیا ہے اور اسلامی شریعت کی عالمگیریت کو ثابت ہے یہ دونوں کتابچے بھی زوار اکیڈمی پبلی کیشنز اے ۴/۱۷، ناظم آباد کراچی سے رعایتی قیمت میں دستیاب ہے۔

نقش الفرید............الحاج گوہر رحمٰن نقشبندی

نقش الفرید تصوف و سلوک پر مشتمل ایک روحانی تحفہ ہے جو مرشدین و مسترشدین کیلئے یکساں مفید ہے۔ کتاب کے مؤلف الحاج گوہر رحمٰن صاحب نقشبندی دارالعلوم حقانیہ کے مفتی اعظم اور نامور محدث حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحبؒ کے مرید خاص ہیں۔ بقول حضرت مولانا انوار الحق صاحب: کہ حاجی صاحب صحبت شیخ میں ''کثیر الملازمہ'' کے مصداق ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت مفتی صاحبؒ کی نگاہ شفقت نے حاجی صاحب کو بھی تعلق مع اللہ کے اعلیٰ مقام پر پہنچایا۔ کتاب میں شریعت، طریقت، خلوت، جلوت، عقل و عشق، کثرت ذکر، تربیت شیخ، صحبت شیخ، روحانی امراض، روحانی معالج، ذکر جہری و ذکر خفی جیسے اہم موضوعات پر قرآن و سنت اور صوفیاء کرام کی تشریحات و اقوال کی روشنی میں سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ یہ مختصر کتاب مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ صاحب مدیر ماہنامہ بینات، مولانا حافظ حسین احمدؒ، مولانا امان اللہ حقانیؒ اور مولانا میاں محمد ایاز حقانی صاحب کے تقاریر سے مزین ہے۔ کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ مزید قابل اصلاح ہے دیدہ زیب ٹائٹل اور اعلیٰ کاغذ پر مشتمل یہ روحانی سوغات (مکان ۵۷، سٹریٹ ۳، سیکٹر بی۔۱ فیز ۴ حیات آباد پشاور سے ۱۰۰ روپے میں دستیاب ہے۔

العقیدۃ الطحاویۃ............امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاویؒ

عقیدہ طحاوی کتب عقائد میں شہرۂ آفاق کتاب ہے۔ جس کے مصنف معروف و مشہور فقیہ امام احمد بن محمد طحاوی (متوفی ۳۲۱ھ) ہیں۔ اس مختصر کتابچے کے پانچ مختلف نسخے تھے جن میں سے تین مکتبہ اسکندریہ اور دو مکتبہ ازہریہ میں موجود تھے۔ محشی و محقق کتاب مولانا محمد سعد بن شیخ رحمت اللہ نے مکتبۂ ازہریہ کے ایک نسخے کو تحقیق کیلئے چنا جو سب سے زیادہ درست تھا۔ باقی نسخوں کی عبارت کو حاشیے میں مندرج کیا۔ اور یہ مختصر مگر جامع اور شاندار مجموعہ بہترین ترتیب کیساتھ منظر عام پر آیا۔ کاغذ اور طباعت اعلیٰ مگر جلد اور کارڈ ندارد...... امید ہے آئندہ ایڈیشن میں جلد کا انتظام بھی کیا جائے گا...... ۲۴ صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ مکتبہ زمزم نزد مقدس مسجد کراچی سے ۲۰ روپے میں دستیاب ہے۔

آسان اصول حدیث...... اردو ترجمہ مولانا محمد عمران ولی صاحب

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کیطرف سے حضور ﷺ پر نازل کی گئی آخری کتاب ہے ہے اس کی تشریح اور تفسیر کیلئے علماء و ماہرین نے چند اصول وضع کئے ہیں۔ کہ ان اصول و ضوابط کے سمجھنے کے بغیر قرآن کریم کی تفسیر نہیں کی جاسکتی یہ